© rasailojaraid.com



## مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کو مسلمان سمجھنے والوں کو کافر و مرتد سمجھتی ہوں۔ (ڈاکٹر کوثر سلطانہ)

نقیب ختم نبوت کے شمارہ مئی ۱۹۹۸ء میں ڈاکٹر کوثر سلطانہ (میڈیکل آفیسر میاں چنوں) کے حوالے سے ایک تحریر شائع ہوئی تھی، ہمیں یہ اطلاعات ملی تھیں کہ ڈاکٹر مذکورہ ضلع خانیوال میں قادیانیوں کی سرپرستی کر رہی ہیں اور یہ کہ وہ خود اور اُن کے شوہر جمال الدین احمد قادیانی ہیں۔ دونوں میاں بیوی نے اپنے الگ الگ حلفیہ بیانات میں اس کی وضاحت کی ہے۔ ہم ذیل میں ڈاکٹر کوثر سلطانہ کا بیان حلفی شائع کر رہے ہیں۔ ان کے شوہر جمال الدین صاحب نے بتایا کہ "وہ قادیانی خاندان سے تعلق ضرور رکھتے ہیں لیکن الحمدللہ قادیانیت سے تائب ہوئے انہیں ایک عرصہ ہو گیا ہے۔" "ہم کسی کو زبردستی قادیانی قرار دیکر اپنی آخرت خراب نہیں کرنا چاہتے۔ ڈاکٹر صاحبہ اور ان کے شوہر جمال الدین احمد صاحب کے بیانات حلفی پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ذیل میں اسے شائع کیا جا رہا ہے۔ (ادارہ)

**T.H.Q. HOSPITAL**
**MIAN CHANNU.**

**Dr. Kausar Sultana**
M.B.B.S., W.M.O.

Ref. No. ____________ **بیان حلفی** Date ____________

میں ڈاکٹر کوثر سلطانہ دختر محمد اکبر خان زوجہ جمال الدین احمد سکنہ ٹیچرس کالونی نیو موج دریا حال مقیم تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میاں چنوں اللہ تعالیٰ کو حاضر و ناظر جان کر بصمیم قلب اس امر کا حلفیہ اقرار و اظہار کرتی ہوں کہ میں سُنی حنفی مسلمان ہوں۔ اور خاتم النبیین محبوب خدا سرور کائنات حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ وعلیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی ختم نبوت پر کامل ایمان رکھتی ہوں۔ اور تاجدار ختم نبوت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہر مدعی نبوت کو دجال اور کافر سمجھتی ہوں۔

میں مرزا غلام احمد قادیانی کو کافر و مرتد سمجھتی ہوں۔ اور اس کو نبی مجدد مسیح موعود اور کسی بھی حیثیت میں مسلمان ماننے والوں کو بھی کافر اور مرتد سمجھتی ہوں۔

اللہ تعالیٰ مجھے اسی عقیدے پر قائم رکھے اور خاتمہ بالخیر فرمائے
آمین

ڈاکٹر کوثر سلطانہ W.M.O
تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میاں چنوں
Kausar Sultana

© rasailojaraid.com